## سوال

(159)احرام کی نیت کے بغیر جدہ ائیر پورٹ پر اترنا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

اگر کوئی شخص کسی ملک سے حج کی نیت سے آرہاہواوراحرام کی نیت کئے بغیر جدہ ائرپورٹ پر اتر جائے اور پھر جدہ سے احرام باندھے تو ایسے آدمی کے بارے میں کیا حکم ہے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ایسا آدمی اگر شام یا مصر سے آرہاہو تو اسے رابغ جاکر احرام باندھ کر آنا چاہیے جدہ سے احرام باندھنا صحیح نہیں۔ اسی طرح اگر کوئی نجد سے آرہاہو تو اسے وادی قرن (سیل) سے احرام باندھ کر آنا چاہیے اگر جدہ سے احرام باندھ لے تو اسے مکہ مکرمہ میں ایک بکری ذبح کر کے یا گائے یا اونٹ کا ساتواں حصہ فقیروں میں تقسیم کر دینا چاہیے تاکہ حج و عمرہ میں جو نقص واقع ہوا ہے وہ پورا ہو جائے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## ارکانِ اسلام سے متعلق اہم فتاویٰ

## صفحہ: 248

## محدث فتویٰ